Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲ مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۱۱ شوال المکرم سنہ ۱۳۵۲ھ مطابق ۲۷ جنوری سنہ ۱۹۳۴ء کی جلد ۴۶

حصہ اوّل

خلاصہ احکام اجلاس ہمایون اعلحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

(۱)	رخصت رجسٹرار صاحب صدر رو بکارات متعلق زیادتی حصول رخصت ۔	۲		(۲)	عطائے تنخواہ صاحب میڈیکل افسر مثری ہاسپٹل ۔	

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم — واقع ۲۳ جنوری سنہ ۱۹۳۴ء

مرتبہ عرضداشت فارضا صاحب چیف منسٹر بہادر بدین خلاصہ کہ مولوی ضیا اللہ خان رجسٹرار صدر نے اپنی ذاتی ضرورت سے بریلی جانے کے لئے دو یوم ۲۴ و ۲۵ جنوری سنہ ۱۹۳۴ء کی رخصت اتفاقیہ کی درخواست گذرانی ہے۔ صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر نے رخصت مطلوبہ منظور کر کے انتظام کام کے متعلق رپورٹ کی ہے کہ مولوی علاء الحق صاحب سول جج۔ ان ایام مین رجسٹری کا کام انجام دے لین۔

حکم

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوے۔ مولوی ضیا اللہ خان رجسٹرار صدر نے سال روان میں حسب تفصیل ذیل رخصت و اجازت سے استفادہ کیا ہے۔ جو بہت زیادہ ہے،

تاریخ و ماہ	ایام رخصت	ایام اجازت تعطیلات
۲۲ و ۲۳ مئی سنہ ۳۳ء	۲	۰
۹ اکتوبر سنہ ۳۳ء	۱	۰
۱۸ تا ۲۰ اکتوبر سنہ ۳۳ء	۰	۳
۳ و ۴ دسمبر سنہ ۳۳ء	۰	۲
۵ تا ۸ جنوری سنہ ۳۴ء	۰	۳
۱۸ تا ۲۰ جنوری سنہ ۳۴ء	۰	۳

یہ سلسلہ اتبک جاری ہے۔ چنانچہ دو یوم کی رخصت کے سلسلہ مین پھر کاغذات پیش ہوے ہین۔ حالانکہ ماہ رواں میں اس سے قبل دو مرتبہ چھ یوم کی اجازت عطا ہو چکی ہے۔ ایک ماہ کے اندر یہ تیسرا موقع ہے ایک ذمہ دار افسر صیغہ کو اس قدر جلد جلد رخصت و اجازت کی استدعا مین پیش کرنا غیر مناسب ہے۔ آئندہ احتیاط کیجائے۔ اس وقت بموجب رپورٹ ہر دو ایام رخصت منظور شدہ مجوزہ عرضداشت مین رجسٹری کا کام سول جج کے متعلق کیا جاتا ہے۔ حکم ہوا مع کاغذات متعلقہ براے کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسلہو۔

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بنشائے حکم ہمایون سررشتۂ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔ ۲۳ جنوری سنہ ۱۹۳۴ء

دستخط فارضا صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم — واقع ۲۴ جنوری سنہ ۱۹۳۴ء

دستخط بندگان عالی متعالی دام اقبالہم و ملکہم

ثبتہ عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر درباره صدور حکم عطاے تنخواہ میڈیکل افسر ملٹری ہاسپٹل بتاریخ ۲۰ جنوری سنہ ۱۹۳۴ء بوجہ روانگی ہمراہ فرسٹ رامپور رضا انفنٹری بمقام کیمپ شاہ آباد

رپورٹ منظور ہے۔ میڈیکل افسر ملٹری ہاسپٹل کی ۲۰ جنوری سنہ ۱۹۳۴ء کو تنخواہ دلوا دیجائے۔

کاغذات برائے کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر
کے پاس مرسل ہوں

بمنشائے حکم ہمایوں سررشتہ صادرے احکام خاص
جاری ہوں

۲۲ر جنوری ۱۹۳۲ء

[illegible] چیف منسٹر بہادر